**10.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ کلیم احمد

-------------------------------

**Music**

☆ تعلیمی پالیسی اور حد بندی کے معاملے پر شور وغل کے درمیان پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ شروع ہوگیا ہے۔ وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے DMK پر طلباء کے مستقبل کو تباہ کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ Vanuatu کے وزیراعظم نے اقتصادی جرائم کے مرتکب مفرور شخص للت مودی کے پاسپورٹ کو منسوخ کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔

☆ بھارت نے چین اور جاپان سے واٹر ٹریٹ منٹ کیمکل پر 986 امریکی ڈالر تک ڈمپنگ مخالف محصول نافذ کیا ہے۔

☆ مدھیہ پردیش اور مہاراشٹر میں دو علیحدہ علیحدہ سڑک حادثات میں 12 افراد ہلاک اور 26 زخمی ہوگئے ہیں۔

☆ اور : خواتین پریمیرلیگ کرکٹ میں آج شام ممبئی میں، ممبئی انڈینس کا مقابلہ گجرات جائنٹس سے ہوگا۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Parliament**

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہوگیا ہے۔ اس اجلاس کا دوسرا مرحلہ 4 اپریل تک جاری رہے گا اور اس میں 20 نشستیں ہوں گی۔ اس سے قبل تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان کی 'پی ایم شری اسکیم' پر رائے زنی پر DMK اور کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ کے احتجاج کے پیش نظر لوک سبھا کی کارروائی 12 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی تھی۔ وقفہ سوالات کے دوران DMK کے رکن پارلیمنٹ T.Sumathy نے تمل ناڈو کیلئے فنڈ جاری کرنے کا معاملہ اٹھایا۔ اس کا جواب دیتے ہوئے جناب پردھان نے DMK پر الزام لگایا کہ وہ تمل ناڈو کے طلباء کیلئے پرعزم نہیں ہے اور وہ طلباء کے مستقبل کو تباہ کررہی ہے۔

اسپیکر نے شور وغل کے درمیان وقفہ سوالات چلانے کی کوشش کی اور بعد میں ایوان کی کارروائی 12 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

راجیہ سبھا میں کانگریس، TMC، DMK، سماج وادی پارٹی اور دیگر نے فرضی شناختی کارڈ اور دیگر معاملات پر واک آوٗٹ کیا۔ ایوان کے رہنما جے پی نڈا نے اپوزیشن پر غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسی بھی معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے۔×

## DMK-Delimitation

آج DMK نے جنوبی ریاستوں میں حدبندی پر سوال اٹھایا۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے DMK کے رکن پارلیمنٹ Tiruchi Siva نے یہ مطالبہ کیا کہ غیر منصفانہ طریقہ کار سے بچنے کیلئے اس معاملے پر مناسب صلاح ومشورہ کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آبادی کی بنیاد پر حد بندی کی گئی تو جنوبی ریاستوں پر اس کا اثر ہوگا۔

**Byte: Tiruchi siva**

## PM-Mauritius Visit

وزیراعظم نریندر مودی ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ کل سے ماریشس کے دو روزہ دورے کے دوران جناب مودی عوامی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ اس موقع پر ماریشس میں آباد بھارتی نژاد لوگ بڑی تعداد میں موجود رہیں گے۔ سویتا تیواری، جو ماریشس میں ایک سنسکرت اسکول چلاتی ہیں، انہیں امید ہے کہ وزیراعظم مودی کا یہ دورہ بھارت-ماریشس تعلقات میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی نژاد افراد جناب مودی کی آمد کا بے صبری سے انتظار کررہے ہیں۔

**Byte: Savita Tiwari**

## Vanuatu Lalit Modi

Vanuatu کے وزیر اعظم Jothham Napat نے شہریت سے متعلق کمیشن کو انڈین پریمیئر لیگ IPL کے سابق سربراہ للت مودی کو جاری کردہ Vanuatu کے پاسپورٹ منسوخ کرنے کا حکم دیا ہے۔ جناب Napat نے کہا کہ Vanuatu کی شہریت حاصل کرنا ایک اعزاز ہے، حق نہیں ہے۔ یہ فیصلہ میڈیا رپورٹس کے بعد سامنے آیا ہے کہ للت مودی کو جنوبی بحرالکاہل میں ایک چھوٹے سے جزیرہ نما ملک Vanuatu کی شہریت مل گئی ہے۔

گزشتہ جمعہ کو وزارت خارجہ نے تصدیق کی کہ للت مودی نے اپنا بھارتی پاسپورٹ لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے سپرد

کرنے کے لیے درخواست دی تھی۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ موجودہ قوانین اور طریقۂ کار کے مطابق درخواست کا جائزہ لیا جائے گا۔

انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بھارت قانون کے تحت ان کے خلاف کارروائی جاری رکھے گا۔

للت مودی انڈین پریمیئر لیگ IPL کے سربراہ کی حیثیت سے اپنے دور میں کروڑوں روپے کے غبن کے الزام میں بھارتی حکام کو مطلوب ہے۔ انہوں نے 2010 میں بھارت چھوڑ دیا تھا۔ اب وہ لندن میں مقیم ہے۔

## President Haryana Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج سے ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کے تین روزہ دورے پر رہیں گی۔ اپنے دورے کے پہلے دن وہ حصار کی سائنس اور ٹیکنالوجی کی گرو جم بھیشور یونیورسٹی کی تقسیم اسناد تقریب میں شرکت کریں گی۔

اسی دن صدر جمہوریہ برہم کماری کی گولڈن جوبلی تقریبات کے موقع پر ''مجموعی صحت وتندرستی کیلئے روحانی تعلیم'' کی ریاستی سطح کی مہم کا آغاز کریں گی۔

کل صدر جمہوریہ بھٹنڈا میں پنجاب کی سینٹرل یونیورسٹی اور ایمس کے جلسۂ تقسیم اسناد تقریبات میں شرکت کریں گی۔

شام میں صدر جمہوریہ موہالی میں پنجاب کی حکومت کی طرف سے دیے گئے عوامی استقبالیہ میں شرکت کریں گی۔

بدھ کے روز صدرِ جمہوریہ چنڈی گڑھ میں پنجاب یونیورسٹی کی تقسیم اسناد تقریب میں شرکت کریں گی۔x

## India Anti Dumping China Japan

بھارت نے چین اور جاپان سے درآمد کیے جانے والے پانی کے صفائی میں استعمال ہونے والے ایک کیمیکل پر پانچ سال کے لیے 986 امریکی ڈالر فی ٹن ڈمپنگ مخالف محصول عائد کیا ہے تا کہ گھریلو صنعت کو سستے اندرون ملک ترسیل سے بچایا جاسکے۔ وزارت خزانہ نے اپنے نوٹیفکیشن میں کہا ہے کہ یہ فیصلہ ' Trichloro isocyanuric acid ' پر محصول عائد کرنے کی وزارت تجارت کے تحقیقاتی ادارے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریڈ ریمیڈیز کی سفارشات کے بعد کیا گیا ہے۔

ڈائریکٹوریٹ نے اپنی سفارشات میں کہا ہے کہ چین اور جاپان سے بھارت میں ڈمپ شدہ درآمدات کی وجہ سے گھریلو صنعت کو مالی نقصان پہنچا ہے۔ وزارت نے کہا کہ منصفانہ تجارت کو یقینی بنانے اور گھریلو صنعت کو برابری کا میدان فراہم کرنے کے لیے ڈمپنگ مخالف اقدامات کیے جارہے ہیں۔x

## Gadkari ISDC

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ سڑک نیٹ ورک کو بہتر بنا کر ساز و سامان کی پیداوار

کی لاگت کم کی جاسکتی ہے۔ اِس سے صنعت اور صارفین دونوں کو فائدہ پہنچے گا۔ آج نئی دلی میں صابن، ڈٹرجنٹس اور کاسمیٹکس سے متعلق ساتویں بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سے بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ جناب گڈکری نے صنعتوں پر زور دیا کہ وہ پیداوار کی لاگتوں کو کم کرنے اور معیار کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کریں۔

**SB- Nitin Gadkari**

## MP-Accident

مدھیہ پردیش میں سِدّھی ضلع میں ایک سڑک حادثے میں 8 افراد ہلاک اور 13 دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں میں سے کچھ کی حالت نازک ہے۔ پولیس کے مطابق یہ حادثہ کوتوالی پولیس اسٹیشن علاقے میں پیش آیا۔ مرنے والوں میں پانچ خواتین اور تین مرد شامل ہیں۔ سبھی زخمیوں کو سِدھی ضلع اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ سنگین طور پر زخمی افراد کو بہتر علاج کیلئے ریوا میڈیکل کالج میں داخل کرایا گیا۔ یہ لوگ ایک تقریب میں شرکت کرنے کیلئے جا رہے تھے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے اس حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔×

## Jal Shakti-Ganga

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے کہا ہے کہ گنگا کا پانی پوتر ہے اور آلودہ نہیں ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب پاٹل نے کہا کہ کچھ لوگ گنگا کے پانی کی پوترتا کے بارے میں غلط معلومات پھیلا رہے ہیں۔

**Byte: CR Patil**

مہاکنبھ 2025 کے دوران مختلف رہنماؤں نے دریائے گنگا کی آلودگی کا معاملہ اٹھایا تھا۔×

## ED Chhattisgarh

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ED چھتیس گڑھ میں شراب گھپلے کے سلسلے میں دُرگ ضلع میں 14 مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دے رہی ہے۔ کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام PMLA ایکٹ 2002 کے تحت تلاشی کی یہ کارروائی جاری ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ بھوپیندر سنگھ کی رہائشگاہوں کے علاوہ اُن کے بیٹے اور قریبی ساتھیوں کے ٹھکانوں پر تلاشی کی جارہی ہے۔ یہ گھپلہ 2 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا ہے۔ x

**WPL Cricket**

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں آج شام ممبئی کے Brabourne اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا سامنا گجرات جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ ممبئی انڈینس اور گجرات جائنٹس دونوں ہی ٹیمیں دلی کیپٹلس کے ساتھ پلے آف میں اپنی جگہ پہلے ہی بنا چکی ہیں۔ آج کا میچ بے حد اہم ہوگا کیونکہ اِس سے ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچنے والی پہلی ٹیم کا تعین ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆